ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

# HUMSAFAR

MARRIAGE COUNSELLING CELL

## MEDIA REFLECTIONS

MAY-2012

**Prepared By**
**Jenab Eishan Ahmad Dar**
**Media Consultant**
**Humsafar Marriage Counselling Cell**

**GREATER KASHMIR 01 MAY 2012**

# ہمسفر کا ریڈیو پروگرام

# انسانوں کو ایذا رسانی سے بچاتا ہے، معاشرہ کو درست کرتا ہے

## محترم فیاض احمد زرو صاحب کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا کرے

ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کا ریڈیو پروگرام جو ریڈیو کشمیر سرینگر سے ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے، وہ ایک طرف نکاح اور شادی کو آسان اور کم لاگت والی بنانے کی تاکید کرتا ہے، دوسری طرف اِصلاح معاشرہ کے لئے ایسے سبق آموز کلام بھی پیش کرتا ہے جس میں ایک دوسرے کو ایذا رسانی سے بچانے کی فکر دی جاتی ہے، اور معاشرہ کو درست کرنے کا سہل طریقہ بتا دیا جاتا ہے۔

اس کی مثال ہمسفر ریڈیو پروگرام کی وہ قسطیں ہیں جو 20 اپریل اور 27 اپریل 2012ء کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر کی گئیں۔ جن میں میکہ یا سسرال کی طرف سے میاں بیوی کی ازدواجی زندگی میں بے جا مداخلت کرنے کے نقصانات محترم فیاض احمد زرو صاحب نے وضاحت کے ساتھ آسان و عام فہم مثالوں کے ذریعے سامعین کو سمجھا دئے۔ اور ساتھ ہی بلا اِجازت کسی کے مکان یا کمرہ میں داخل ہونے کے گناہ اور ایذا رسانی سے سامعین کو خبردار کیا گیا۔ خواتین و حضرات نے طلب اجازت جیسے اہم اور مہذب طریقہ کو آج کل ایسا نظر انداز کر دیا ہے کہ گویا اُن کے نزدیک یہ کوئی اہمیت والی چیز ہی نہیں ہے۔ جب کہ اس بارے میں قرآن مجید کے سورہ نور میں اور احادیث مبارکہ میں بڑے اہتمام کے ساتھ احکام و آداب بیان کئے گئے ہیں۔ جیسا کہ ہمسفر ریڈیو پروگرام میں بیان کیا گیا۔

میں اپنی طرف سے محترم فیاض احمد زرو صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ وہ ہمیں ہمسفر ریڈیو پروگرام کی وساطت سے جاہلانہ اور بیہودہ حرکتوں سے باز رکھنے کے لئے مسلسل جدوجہد کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا کرے۔ ہمسفر پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب کو سماج کی بہتری کے لئے اتنا شاندار اور مفید ریڈیو پروگرام تیار کرنے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں۔

**منجانب: رضوانہ جمیلہ میر (لیکچرار) عیدگاہ سرینگر (موبائل ٹیلیفون نمبر: 9906442583)**

Greater Kashmir (01/05/2012)

**AFTAB 01 MAY 2012**

Aftab (01/05/2012)

آفتاب

# ہمسفر کی طرف سے سادہ نکاح کی ایک تقریب

## مظفر جان زرگر کا نکاح اُم ایمن کے ساتھ ہوا

سرینگر/جنرل سکریٹری لطیف احمد کے بیان کے مطابق ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل کاک سرائے کے اصلاحی پروگرام کے تحت ۲۹اپریل اتوار۲۰۱۲ کوایک سادہ نکاح کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ نکاح مجلس اسلامک دعوت سنٹر واقع باغ سندر بالاچھتہ بل پر منعقد ہوئی۔مجلس میں دولہا ،دولہن، دونوں خاندان کے حضرات اور خواتین اور کئی لوگوں نے شرکت کی ۔ دولہا اور مرد حضرات دعوت سنٹر کے ہال نمبر ایک میں جبکہ دولہن اور خواتین ہال نمبر۲ میں بٹھائے گئے۔اپنے مختصر بیان میں ادارہ کے چیئرمین فیاض احمد زرو نے شادی میں اسراف، بُری رسومات، ناجائز لین دین اور دکھاوا کے گناہ اور نقصانات اور آسان نکاح سادہ شادی کی راحتیں اور دین و دنیا کے فائدے حاضرین مجلس کو سمجھادیئے ۔ پھر انہوں نے مظفر احمد جان زرگر المعروف ریشی صاحب، عبدالمجید زرگر المعروف ریشی صاحب ساکن عمر کالونی بمنہ کا نکاح محترمہ اُم ایمن جان صاحبہ دختر محمد شفیع زرگر ساکنہ بیرونی کاٹھی دروازہ رعناواری کے ساتھ پڑھادیا۔ دولہا نے پورا مہر نکاح مجلس میں نقد ادا کیا۔مجلس میں کھجور اور مٹھائی تقسیم کی گئی اور سب کی خاطر تواضع قہوہ سے کی گئی ۔مجلس کے اختتام پر چیرمین فیاض احمد زرو نے دعا فرمائی۔

# GREATER KASHMIR 02 MAY 2012

## ہمسفر ریڈیو پروگرام کے روح رواں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کی خدمت میں ایک مؤدبانہ گزارش

**جناب عالی: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:**

مؤرخہ 29، اپریل اتوار 2012ء کو ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کے زیر اہتمام منعقد ہوئی ایک نکاح مجلس میں راقم اور میری اہلیہ کو شرکت کرنا نصیب ہوا۔ نکاح مجلس میں بمنہ کے جناب مظفر جان زرگر صاحب کا نکاح رعناواری کی محترمہ اُم اَیمن صاحبہ کے ساتھ پڑھا گیا۔ مجلس میں آپ جناب نے اپنے ایک مختصر بیان میں ایک ایسی بُری رسم کی مؤثر اصلاح فرمائی، جو عام خاندانوں اور اہل قرابت میں چلتی ہے۔ یعنی نکاح اور شادی کی تقریبات میں ہدیہ اور ہبہ (Gifts) دست بوس یا ورتاؤ دینے والے کو اس پر نظر ہوتی ہے کہ دی ہوئی چیز یا روپیہ بدلے میں کچھ زیادتی کے ساتھ واپس ملے گا۔ یہ ایک بہت مذموم حرکت ہے، جس کو قرآن مجید کی سورہ روم کی ایک آیت کریمہ میں منع فرمایا گیا ہے۔ اور یہ ایک قسم کی سودخواری بھی ہے۔

ہم نے آج تک بہت ساری نکاح مجلسوں میں شرکت کی ہیں اور نکاح کے شرعی احکام پر علمائے دین اور مولوی صاحبان سے بیانات بھی سنے ہیں، مگر آج تک ہم نے شادی کی بُری رسومات میں سودخواری جیسی اس بُری رسم کے بارے میں کسی کو بیان کرتے ہوئے نہیں سنا ہے، جس طرح آپ محترم سے اس پر بیان سننا نصیب ہوا ہے۔ آپ جناب کے اس بیان سے ہمیں اور ہمارے گھر والوں کو بہت فائدہ ہوا ہے، اور اب ہمارے خاندانی طور طریقہ میں بھی اصلاح ہونی شروع ہوگئی ہے۔ خدا تعالیٰ آپ محترم کو جزائے خیر عطا فرمائے، آمین۔

میں آپ محترم کی خدمت میں بذریعہ اخبار Greater Kashmir یہ ایک مؤدبانہ گزارش کرتا ہوں کہ اس اہم ترین موضوع پر ریڈیو کشمیر سرینگر پر نشر ہونے والے مقبول عام پروگرام ہمسفر (Humsafar) میں بھی بات فرمائی جائے، تاکہ سماج میں پھیلی اس بُری رسم کی پوری طرح سے اصلاح ہو جائے۔ والسلام علیکم

(Greater Kashmir)
02/05/2012

آپ کا ایک دینی بھائی

**پروفیسر غلام نبی شاہ اوم پورہ بڈگام کشمیر**

**RISING KASHMIR 02 MAY 2012**

# ہمسفر کا ریڈیو پروگرام انسانوں کو ایذارسانی سے بچاتا ہے، معاشرہ کو درست کرتا ہے

## محترم فیاض احمد زرو صاحب کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا کرے

ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا ریڈیو پروگرام جو ریڈیو کشمیر سرینگر سے ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے، وہ ایک طرف نکاح اور شادی کو آسان اور کم لاگت والی بنانے کی تاکید کرتا ہے، دوسری طرف اِصلاح معاشرہ کے لئے ایسے سبق آموز کلام بھی پیش کرتا ہے جس میں ایک دوسرے کو ایذارسانی سے بچانے کی فکر دی جاتی ہے، اور معاشرہ کو درست کرنے کا سہل طریقہ بتا دیا جاتا ہے۔ اس کی مثال ہمسفر ریڈیو پروگرام کی وہ قسطیں ہیں جو 20، اپریل اور 27 اپریل 2012ء کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر کی گئیں۔ جن میں میکہ یا سسرال کی طرف سے میاں بیوی کی ازدواجی زندگی میں بے جا مداخلت کرنے کے نقصانات محترم فیاض احمد زرو صاحب نے وضاحت کے ساتھ آسان و عام فہم مثالوں کے ذریعے سامعین کو سمجھا دئے۔ اور ساتھ ہی بلا اِجازت کسی کے مکان یا کمرہ میں داخل ہونے کے گناہ اور ایذارسانی سے سامعین کو خبردار کیا گیا۔ خواتین و حضرات نے طلب اجازت جیسے اہم اور مہذب طریقہ کو آج کل ایسا نظر انداز کر دیا ہے کہ گویا اُن کے نزدیک یہ کوئی اہمیت والی چیز ہی نہیں ہے۔ جب کہ اس بارے میں قرآن مجید کے سورہ نور میں اور احادیث مبارکہ میں بڑے اہتمام کے ساتھ احکام و آداب بیان کئے گئے ہیں۔ جیسا کہ ہمسفر ریڈیو پروگرام میں بیان کیا گیا۔ میں اپنی طرف سے محترم فیاض احمد زرو صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ وہ ہمیں ہمسفر ریڈیو پروگرام کی وساطت سے جاہلانہ اور بیہودہ حرکتوں سے باز رکھنے کے لئے مسلسل جدوجہد کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا کرے۔ ہمسفر پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب کو سماج کی بہتری کے لئے اتنا شاندار اور مفید ریڈیو پروگرام تیار کرنے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں۔

Rising Kashmir
02/05/2012

**منجانب:** رضوانہ جمیلہ میر (لیکچرار)

عیدگاہ سرینگر (موبائل ٹیلیفون نمبر9906442583)

8285

**GREATER KASHMIR 08 MAY 2012**

# ریڈیو پروگرام ہمسفر سے ہم بہترین اَخلاقی تربیت پا رہے ہیں

## جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کا بہت بہت شکریہ

ریڈیو کشمیر سرینگر کے مقبول عام ہفتہ وار پروگرام: ہمسفر (Humsafar) جو ہر جمعۃ المبارک کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے، اُس کے بارے میں حق بات یہ ہے کہ ہمسفر ریڈیو پروگرام کی ہر قسط ہمارے سماج، ہمارے گھرانوں اور میاں بیوی کی اِزدِواجی زندگی کے لئے بے حد مفید اور سبق آموز ہوتی ہے۔ اِس پروگرام کی جو قسط 4، مئی جمعۃ المبارک 2012ء کو نشر ہوئی، جس میں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے کان لگانے اور کان بھرنے جیسی بُری عادتوں کے بارے میں عام فہم زبان میں ایک جامع کلام فرمایا۔ اُس کو ہم نے اور ہمارے خاندان کے سب لوگوں نے بہت زیادہ پسند کیا، کیوں کہ اُس سے ہم نے بہترین اَخلاقی تربیت پائی۔ ہمسفر پروگرام سے ہمارے گھروں اور زندگیوں میں بہت اِصلاح ہوئی ہے اور ہو رہی ہے۔ ہماری طرف سے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کا بہت بہت شکریہ۔ ہماری نیک دعائیں اُن کے ساتھ ہیں، اللہ تعالیٰ اُنہیں جزائے خیر عطا فرمائے، آمین۔

ہم ریڈیو کشمیر سرینگر کی ڈائریکٹر صاحبہ اور ہمسفر پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب سے گزارش کرتے ہیں۔ کہ ہمسفر پروگرام کی جو قسط ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتی ہے، اسی قسط کو منگل وار یا بدھوار کو رات کے ساڑھے نو بجے دوبارہ نشر کیا کریں۔ کیوں کہ ایسے بہت سارے لوگ ہیں جن کو اپنے گھروں سے ڈیوٹی پر صبح کے آٹھ بجے ہی نکلنا پڑتا ہے، وہ یہ اہم ترین مفید پروگرام سننے سے محروم ہو جاتے ہیں۔ جبکہ وہ اس مفید پروگرام کے سننے سے اپنے آپ کو محروم نہیں کرنا چاہتے ہیں۔ بلکہ وہ بھی اس پروگرام کے سننے سے فیض یاب ہونا چاہتے ہیں۔ امید ہے کہ ہماری یہ گزارش قبول کی جائے گی۔


**منجانب: رضوانہ جمیلہ میر**

Rizwanah Jameelah Mir

عیدگاہ سرینگر (موبائل ٹیلیفون نمبر: 9906442583)


Greater Kashmir
08/May/2012

# GREATER KASHMIR 14 MAY 2012

## مہمان نوازی اور آدابِ ضیافت سے متعلق ہمسفر کا ریڈیو پروگرام

## بہت ہی شاندار، دلچسپ اور سبق آموز تھا۔

## جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب اِزدواجی زندگی کے ہر پہلو کو بہتر سے بہتر بنا رہے ہیں

ریڈیو کشمیر سرینگر سے 11، مئی جمعہ 2012ء کو جو ہمسفر پروگرام صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ((8:30 نشر ہوا، اُس میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کشمیر کے چیرمین جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے مہمان نوازی اور آدابِ ضیافت سے متعلق جو گفتگو فرمائی، وہ بہت ہی شاندار، جامع، دلچسپ اور سبق آموز تھی۔ ہم نے آج تک ہمسفر جیسے مقبول عام ریڈیو پروگرام کی ہر قسط سماعت کی ہے، اور اس کی ہر قسط سے ہمیں اور ہمارے خاندان کو بہت زیادہ نفع ہوا ہے، اور ہماری ازدواجی زندگیوں میں موجود کوتاہیوں اور خامیوں کی اصلاح ہوئی ہے، اور ہو رہی ہے۔

اس ریڈیو پروگرام کے وساطت سے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب لاکھوں کی تعداد میں لوگوں کی شادی شدہ زندگیوں کے ہر پہلو کو بہتر سے بہتر بنا رہے ہیں۔ اس عظیم اور مفید سے مفید تر سماجی کام کے انجام دینے پر ہمارے پاس شکریہ کے وہ الفاظ نہیں ہیں، جو اُن کے شایان شان ہوں۔ ہم نے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کے ساتھ اگرچہ ٹیلیفون پر بات کر کے اُن کا شکریہ اپنے ٹوٹے پھوٹے الفاظوں میں کیا ہے، مگر اخبار گریٹر کشمیر کے ذریعے بھی ہم اُن کا اور اُن کے عظیم ادارے کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ایسا کرنا ہم اپنا ایک اخلاقی فرض سمجھتے ہیں۔

ہمسفر پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب اور ریڈیو کشمیر سرینگر کی سٹیشن ڈائریکٹر میڈم رخسانہ جبین صاحبہ کا ہمارے معاشرے کی اصلاح کے لئے اتنا مفید اور فائدہ مند پروگرام پیش کرنے پر ہم اُن کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں۔

منجانب: ڈاکٹر فردوس احمد شاہ، پروفیسر رفیقہ شاہ اور عبدالرحمن شاہ

(Greater Kashmir)
(14/May/2012)

سوپور کشمیر۔ حال: بتہ مالو سرینگر

**SRINAGAR TIMES 16 MAY 2012**

# ہمسفر ریڈیو پروگرام بڑی کامیابیوں میں سے ایک کامیابی

## وادی کے مالدار اور پیشہ ور لوگ بھی سادہ شادی کرنے پر آمادہ ہورہے ہیں

سرینگر/راقم الحروف ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے دفتر کاک سرائے سرینگر پر گیا۔ وہاں پر لوگوں کی بہت تعداد دیکھی۔ اکثر لوگوں کو یہ کہتے سنا کہ اس ادارے کے ریڈیو پروگرام "ہمسفر" نے ہمارے دل کی دنیا بدل دی ہے۔ شادیوں میں بُری رسومات، فضول خرچی، نمود و نمائش، ناچ و نغمہ، ناجائز لین دین اور دولہن کے گھر پر بڑی باراتیں لے جانا جیسے برے کاموں سے پرہیز کرنے کا حوصلہ بخشا ہے۔ شادی کو شریعت کے تحت سادگی سے انجام دینے پر ہمسفر لوگوں کو آمادہ کررہا ہے جو بہت ہی معقول، ہمدردانہ ہے۔ تعارف کے بعد معلوم ہوا ہے کہ سادہ شادی کے لئے جو لوگ ہمسفر دفتر پر آئے اُن میں وادی کشمیر کے مالدار لوگ بھی شامل ہیں اور پروفیشنل لوگ بھی۔ ان حضرات نے راقم سے کہا کہ رسومات بدنے لڑکے اور لڑکیوں کی شادیوں کو خراب کردیا ہے اور ان کے والدین کو ذہنی پریشانیوں میں مبتلا کردیا ہے۔ مگر ہمسفر ادارہ کے اصلاحی کام خاص کر ہمسفر ریڈیو پروگرام سے لوگ فضول خرچی، بے ہودہ رسموں اور جہیز کے لین دین سے پرہیز کرنے پر آمادہ ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وادی کے لوگ فیاض احمد زرو کے احسان مند ہیں کہ انہوں نے کشمیری لوگوں کے لئے ایسا مفید اور اصلاحی کام انجام دیا۔ لوگوں نے کہا کہ وہ فیاض احمد زرو کو سلام کرنا چاہتے ہیں مگر وہ کام میں زیادہ مصروف رہتے ہیں۔ لہٰذا وہ ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سے اُن کی سبق آموز باتیں سننے سے ہی اپنے دلوں کو بہلاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ہمسفر ادارہ، اس کے منتظمین خاص کر فیاض احمد زرو کے لئے دعا گو ہیں۔ ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر سلیم اعجاز کپرا اور ریڈیو کشمیر کے ڈائریکٹر میڈم رخسانہ جبین کے بھی شکرگذار ہیں کہ انہوں نے کشمیری سماج کے لئے ایسا اصلاحی پروگرام نشر کرنا شروع کردیا ہے۔

**AGTAB 16 MAY 2012**

(Aftab)

16th May,2012

## ہمسفر ریڈیو پروگرام کی بڑی کامیابیوں میں سے ایک بڑی کامیابی

## وادی کے مالداراور پروفیشنل لوگ بھی سادہ شادی کرنے پر آمادہ ہورہے ہیں

چند دن پہلے راقم الحروف ہمسفر میریج کونسلنگ سیل (Humsafar Marriage Counselling Cell: HMCC) کے دفتر واقع کاک سرائے سرینگر پر گیا۔ وہاں پر میں نے لوگوں کی بہت تعداد دیکھی۔ اُن میں سے اکثر لوگوں کو میں نے یہ کہتے ہوئے سنا کہ اس مؤقر ادارے کے ریڈیو پروگرام: ہمسفر (Humsafar) نے ہمارے دِل کی دنیا بدل دی ہے۔ شادیوں میں بُری رسومات، فضول خرچی، نمود ونمائش، ناچ ونغمہ، ناجائز لین دین اور دولہن کے گھر پر بڑی بڑی باراتیں لے کر جانا جیسے گناہ کے کاموں سے پرہیز کرنے کا حوصلہ بخشا ہے، اور شادی کو شریعت کے احکام کے تحت سادگی کے ساتھ انجام دینے پر ہمسفر ایک ایسے دعوتی انداز سے لوگوں کو آمادہ کررہا ہے جو بہت ہی معقول، ہمدردانہ، مُشفِقانہ، دلوں کو جیتنے والا اور قابل تسلیم ہوتا ہے۔ ایک دوسرے کا تعارف کرانے کے دوران معلوم ہوا کہ سادہ شادی کرنے کے لئے جو لوگ ہمسفر دفتر پر آئے ہیں اُن میں وادی کشمیر کے مالدار لوگ بھی شامل ہیں اور پروفیشنل لوگ بھی شامل ہیں۔ اِن حضرات نے راقم کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ رسوماتِ بد اور دکھاوانے لڑکے اور لڑکیوں کی شادیوں کو خراب کردیا ہے، اور اُن کے والدین کو ذہنی پریشانیوں اور دل کی بیماریوں میں مبتلا کردیا ہے۔ مگر ہمسفر ادارہ کے اصلاحی کام سے خاص کر ہمسفر ریڈیو پروگرام سے لوگ فضول خرچی، بے ہودہ رسموں اور جہیز کے لین دین سے پرہیز کرنے پر آمادہ ہورہے ہیں۔ جس کی وجہ سے اَولاد کی شادیاں انجام دینا بہت آسان ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وادی کے لوگ جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کے بہت احسان مند ہیں، کیوں کہ انہوں نے کشمیری لوگوں کے لئے ایک ایسا مفید اور اصلاحی کام انجام دیا جو آج تک کشمیر میں کوئی شخص انجام نہیں دے سکا۔ ہمسفر دفتر پر آنے والے لوگوں نے کہا کہ وہ محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کو ایک بار دیکھنا چاہتے ہیں، اُن کو سلام کرنا چاہتے ہیں، مگر وہ کام میں اتنے زیادہ مصروف رہتے ہیں کہ اُن کی ملاقات ملنی مشکل ہے۔ لہٰذا وہ ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے اُن کا شیریں کلام اور سبق آموز باتیں سننے سے ہی اپنے دلوں کو بہلاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ہمسفر ادارہ، اس کے منتظمین خاص کر محترم فیاض احمد زرو صاحب کے لئے بہت خیر کی دعائیں کرتے ہیں۔ اُن لوگوں نے مزید یہ کہا کہ وہ ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپر صاحب کے بھی شکر گزار ہیں اور ریڈیو کشمیر سرینگر کی ڈائریکٹر میڈم رخسانہ جبین صاحبہ کے بھی شکر گزار ہیں کہ انہوں نے کشمیری سماج کے لئے ہمسفر جیسا مفید اور اصلاحی پروگرام نشر کرنا شروع کردیا ہے۔

تحریر و تحقیق: عمر مجید آہنگر

صفا کدل سرینگر (موبائل فون نمبر: 9086109572)

# KASHMIR UZMA 16 MAY 2012

(Kashmir Uzma) 16 مئی 2012

## ہمسفر ریڈیو پروگرام کی بڑی کامیابیوں میں سے ایک بڑی کامیابی

## وادی کے مالداراور پروفیشنل لوگ بھی سادہ شادی کرنے پر آمادہ ہورہے ہیں

چند دن پہلے راقم الحروف ہمسفر میریج کونسلنگ سیل (Humsafar Marriage Counselling Cell: HMCC) کے دفتر واقع کاک سرائے سرینگر پر گیا۔ وہاں پر میں نے لوگوں کی بہت تعداد دیکھی۔ اُن میں سے اکثر لوگوں کو میں نے یہ کہتے ہوئے سنا کہ اس مؤقر ادارے کے ریڈیو پروگرام: ہمسفر (Humsafar) نے ہمارے دِل کی دنیا بدل دی ہے۔ شادیوں میں بُری رسومات، فضول خرچی، نمود ونمائش، ناچ ونغمہ، ناجائز لین دین اور دولہن کے گھر پر بڑی بڑی باراتیں لے کر جانا جیسے گناہ کے کاموں سے پرہیز کرنے کا حوصلہ بخشا ہے، اور شادی کو شریعت کے احکام کے تحت سادگی کے ساتھ انجام دینے پر ہمسفر ایک ایسے دعوتی انداز سے لوگوں کو آمادہ کررہا ہے جو بہت ہی معقول، ہمدردانہ، مُشفِقانہ، دلوں کو جیتنے والا اور قابل تسلیم ہوتا ہے۔

ایک دوسرے کا تعارف کرانے کے دوران معلوم ہوا کہ سادہ شادی کرنے کے لئے جو لوگ ہمسفر دفتر پر آئے ہیں اُن میں وادی کشمیر کے مالدار لوگ بھی شامل ہیں اور پروفیشنل لوگ بھی شامل ہیں۔ اِن حضرات نے راقم کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ رسوماتِ بد اور دکھاوانے لڑکے اور لڑکیوں کی شادیوں کو خراب کردیا ہے، اور اُن کے والدین کو ذہنی پریشانیوں اور دل کی بیماریوں میں مبتلا کردیا ہے۔ مگر ہمسفر ادارہ کے اصلاحی کام سے خاص کر ہمسفر ریڈیو پروگرام سے لوگ فضول خرچی، بے ہودہ رسموں اور جہیز کے لین دین سے پرہیز کرنے پر آمادہ ہورہے ہیں۔ جس کی وجہ سے اُولاد کی شادیاں انجام دینا بہت آسان ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وادی کے لوگ جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کے بہت احسان مند ہیں، کیوں کہ انہوں نے کشمیری لوگوں کے لئے ایک ایسا مفید اور اصلاحی کام انجام دیا جو آج تک کشمیر میں کوئی شخص انجام نہیں دے سکا۔

ہمسفر دفتر پر آنے والے لوگوں نے کہا کہ وہ محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کو ایک بار دیکھنا چاہتے ہیں، اُن کو سلام کرنا چاہتے ہیں، مگر وہ کام میں اتنے زیادہ مصروف رہتے ہیں کہ اُن کی ملاقات ملنی مشکل ہے۔ لہٰذا وہ ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے اُن کا شیریں کلام اور سبق آموز باتیں سننے سے ہی اپنے دلوں کو بہلاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ہمسفر ادارہ، اس کے منتظمین خاص کر محترم فیاض احمد زرو صاحب کے لئے بہت خیر کی دعائیں کرتے ہیں۔ اُن لوگوں نے مزید یہ کہا کہ وہ ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب کے بھی شکر گزار ہیں اور ریڈیو کشمیر سرینگر کی ڈائریکٹر میڈم رخسانہ جبین صاحبہ کے بھی شکر گزار ہیں کہ انہوں نے کشمیری سماج کے لئے ہمسفر جیسا مفید اور اصلاحی پروگرام نشر کرنا شروع کردیا ہے۔

تحریر و تحقیق: عمر مجید آہنگر صفا کدل سرینگر (موبائل فون نمبر: 9086109572)

# KASHMIR UZMA 20 MAY 2012

20 مئی 2012 (Kashmir Uzma)

## سادہ شادی کرنے سے ہمارے لاکھوں روپے ضائع ہونے سے بچ گئے

### ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کا بہت بہت شکریہ

پچھلے دنوں ہمارے خاندان کے چشم و چراغ کا نکاح اور شادی ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کے پروگرام کے تحت انجام پائی۔ جس میں دونوں خاندانوں کو یعنی لڑکے والوں کو بھی اور لڑکی والوں کو بھی کسی بھی قسم کا بوجھ اُٹھانا نہیں پڑا، نکاح مسجد شریف میں ہُوا۔ رخصتی سادگی کے ساتھ دولہا اور اس کے فقط پانچ افراد کو قہوہ کی ایک پیالی پیش کرنے کے ساتھ ہوئی۔ دوسرے دن دولہا کے گھر پر ولیمہ کی دعوت اِسراف اور نام و نمود کرنے کے بغیر کھلائی گئی، اس کے علاوہ کوئی اور خرچہ نہیں اُٹھانا پڑا۔ ہم نے اندازہ لگایا کہ بارات کے لئے وازوان تیار کرنے پر، ڈیکوریشن کرنے پر، ویڈیو گرافی اور فوٹو گرافی کرنے پر، گانا گانے والوں کی محفل سجانے پر، کرایہ کا لہنگا لانے پر، بیوٹی پارلر پر جانے کا خرچہ اُٹھانے پر جیسی بُری رسومات اور گناہ کے کاموں پر ہمارے چار لاکھ روپے خرچ آتے تھے۔

لیکن اللہ تعالیٰ نے ہمیں توفیق عطا کی کہ ہم نے ہمسفر میریج کونسلنگ سیل سے رابطہ قائم کرکے اُن کا پروگرام رضامندی اور شوق کے ساتھ اپنایا۔ جس کی وجہ سے ہمارے لاکھوں روپے ضائع ہونے سے بچ گئے، اور ہم بڑے بڑے گناہ کرنے سے بھی بچ گئے۔ اس طرح سادہ شادی کرنے سے ہمارے بہت سارے ٹینشن اور پریشانیاں ختم ہوگئیں۔ یہ نکاح اور شادی راحت، آسائش اور آرام کے ساتھ انجام پا گئی۔ جس پر ہم دونوں خاندان کے مرد اور خواتین جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کے، ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر دفتر کے ذمہ داران کے اور اسلامک دعوت سینٹر چھتہ بل سرینگر کی انتظامیہ کے بہت بہت شکر گزار ہیں۔ کہ انہوں نے ہمیں پیار و شفقت کے ساتھ بہت اچھا راستہ دکھا کر ہماری بہترین راہبری فرمائی۔ اللہ تعالیٰ اُن سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

ہمسفر میریج کونسلنگ سیل سرینگر جیسے عظیم ادارے کا جو ریڈیو پروگرام ہر جمعۃ المبارک کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہوتا ہے، جس کے پروڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپر صاحب ہیں، اس پروگرام سے ہمارے خاندان کے ہر فرد کو بہت نفع پہنچا ہے، اور ہماری اصلاح ہو رہی ہے۔ یہ ریڈیو پروگرام ہمارے سماج کے لئے بہت زیادہ مفید اور از حد ضروری ہے۔ اس مفید پروگرام کو سننے کے لئے اور اپنے گھر کے لوگوں کو سنانے کے لئے کئی لوگوں نے بازار سے نئے ریڈیو سیٹ خرید لئے ہیں۔

بذریعہ: ریاض احمد شاہ، خورشید احمد بٹ اور عبدالرحمن بٹ نوشہرہ سرینگر

**AFTAB 21 MAY 2012**

# جوانوں کے نکاح کے بارے میں اِصلاحی بیان سے بہت نفع ہوا

## جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے

مورخہ 18، مئی جمعۃ المبارک 2012ء کو ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے اہتمام سے مسلمان جوانوں کے نکاح کے بارے میں جو اِصلاحی بیان جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے جامع اہلحدیث مسجد حلقہ نوشہرہ سرینگر میں سہ پہر ساڑھے تین بجے فرمایا۔ اس سے جوانوں کے ساتھ ساتھ اُن کے والدین کو بھی بہت نفع ہوا، اور بہترین اِصلاح ہوئی۔ آپ جناب نے فرمایا کہ کئی والدین اپنے بالغ اولاد کی شادیاں اس لئے دیر سے اور بہت بڑی عمر میں کرتے ہیں کہ اُن کو رسومات اور نام ونمود کرنے کے لئے تیاریاں کرنی پڑتی ہیں، اور اس کے لئے خوب روپیہ پیسہ بھی جمع کرنا پڑتا ہے۔ مگر وہاں سے اُن کی اولاد کو نکاح کرنے کی اشد ضرورت ہوتی ہے، جس میں بعض اوقات ایک جوان سخت گناہ اور بے حیائی کا کام کرجاتا ہے۔ اس میں آں جناب نے ایک جوان کا واقع سنایا کہ کس طرح وہ ہمسفر دفتر پر آیا اور تڑپ تڑپ کر کہا کہ وہ نکاح کرنا چاہتا ہے، اگر اس کا نکاح فوری طور پر نہیں ہوجائے گا، تو وہ بدکاری جیسے گناہ میں مبتلا ہوجائے گا، مگر اس کے والدین اس کا نکاح اس لئے ابھی کرنے کو تیار نہیں ہوتے ہیں، کہ اُنہیں ابھی بڑا بنگلہ بنانا ہے، پھر اس کا رنگ وروغن کرنا ہے، پھر تمام رسومات اور نام ونمود کے ساتھ بیٹے کی شادی کرنی ہے۔ یہ واقع سن کر کئی حاضرین مجلس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ الحمدللہ: جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کے اس اصلاحی بیان سے کئی جوان اور اُن کے والدین سادہ طریقہ پر شادیاں انجام دینے پر تیار ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ آں جناب کو جزائے خیر عطا فرمائے، اور اُن کی عمر میں برکت عطا فرمائے، آمین۔ یہاں پر اس بات کا ذِکر کرنا مناسب سمجھتے ہیں کہ محترم فیاض احمد زرو صاحب کا جو ریڈیو پروگرام: ہمسفر، ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب ہیں، اس کو یہاں کے بہت سارے لوگ شوق اور دلچسپی کے ساتھ سنتے ہیں۔ ہمسفر جیسا ریڈیو پروگرام ہماری سماجی اصلاح کے لئے بہت مفید اور بہت ضروری ہے۔

منجانب: ایشان احمد ڈار، مظفر احمد وانی، محمد اقبال بابا، حافظ عبدالجلیل اور شوکت احمد وانی

نوشہرہ سرینگر

Aftab (21/May/2012)

**21 MAY 2012**

# جوانوں کے نکاح کے بارے میں اِصلاحی بیان سے بہت نفع ہوا

جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے مورخہ 18 مئی جمعۃ المبارک 2012ء کو ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے اہتمام سے مسلمان جوانوں کے نکاح کے بارے میں جو اِصلاحی بیان جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے جامع اہلحدیث مسجد حلقہ نوشہرہ سرینگر میں سہ پہر ساڑھے تین بجے فرمایا۔ اس سے جوانوں کے ساتھ ساتھ اُن کے والدین کو بھی بہت نفع ہوا، اور بہترین اِصلاح ہوئی۔ آں جناب نے فرمایا کہ کئی والدین اپنے بالغ اولاد کی شادیاں اس لئے دیر سے اور بہت بڑی عمر میں کرتے ہیں کہ اُن کو رسومات اور نام ونمود کرنے کے لئے تیاریاں کرنی پڑتی ہیں، اور اس کے لئے خوب روپیہ پیسہ بھی جمع کرنا پڑتا ہے۔ مگر وہاں سے اُن کی اولاد کو نکاح کرنے کی اشد ضرورت ہوتی ہے، جس میں بعض اوقات ایک جوان سخت گناہ اور بے حیائی کا کام کر جاتا ہے۔ اس میں آں جناب نے ایک جوان کا واقع سنایا کہ کس طرح وہ ہمسفر دفتر پر آیا اور تڑپ تڑپ کر کہا کہ وہ نکاح کرنا چاہتا ہے، اگر اس کا نکاح فوری طور پر نہیں ہو جائے گا، تو وہ بدکاری جیسے گناہ میں مبتلا ہو جائے گا، مگر اس کے والدین اس کا نکاح اس لئے ابھی کرنے کو تیار نہیں ہوتے ہیں، کہ اُنہیں ابھی بڑا بنگلہ بنانا ہے، پھر اس کا رنگ وروغن کرنا ہے، پھر تمام رسومات اور نام ونمود کے ساتھ بیٹے کی شادی کرنی ہے۔ یہ واقع سن کر کئی حاضرین مجلس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔

الحمدللہ: جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کے اس اصلاحی بیان سے کئی جوان اور اُن کے والدین سادہ طریقہ پر شادیاں انجام دینے پر تیار ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ آں جناب کو جزائے خیر عطا فرمائے، اور اُن کی عمر میں برکت عطا فرمائے، آمین۔

یہاں پر اس بات کا ذِکر کرنا مناسب سمجھتے ہیں کہ محترم فیاض احمد زرو صاحب کا جو ریڈیو پروگرام: ہمسفر، ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب ہیں، اس کو یہاں کے بہت سارے لوگ شوق اور دلچسپی کے ساتھ سنتے ہیں۔ ہمسفر جیسا ریڈیو پروگرام ہماری سماجی اصلاح کے لئے بہت مفید اور بہت ضروری ہے۔

**SRINAGAR TIMES 21 MAY 2012**



# جوانوں کے نکاح کے بارے میں اِصلاحی بیان سے بہت نفع ہوا

## فیاض احمد زرو کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے: ہمسفر میرج سیل

سرینگر، ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے اہتمام سے مسلمان جوانوں کے نکاح کے بارے میں جو اِصلاحی بیان محترم فیاض احمد زرو صاحب نے جامع اہلحدیث مسجد حلقہ نوشہرہ سرینگر میں سہ پہر ساڑھے تین بجے فرمایا۔ اس سے جوانوں کے ساتھ ساتھ اُن کے والدین کو بھی بہت نفع ہوا، اور بہترین اِصلاح ہوئی۔ آپ نے فرمایا کہ کئی والدین اپنے بالغ اولاد کی شادیاں اس لئے دیر سے کرتے ہیں کہ اُن کو رسومات کے لئے تیاریاں کرنی پڑتی ہیں حالانکہ اُن کی اولاد کو نکاح کرنے کی اشد ضرورت ہوتی ہے، اور بعض اوقات ایک جوان سخت گناہ اور بے حیائی کا مرتکب ہو جاتا ہے۔ آپ نے ایک جوان کا واقع سنایا کہ کس طرح وہ ہمسفر دفتر پر آیا اور کہا کہ اگر اس کا نکاح فوری طور پر نہیں ہوتا، تو وہ میں مبتلا ہو جائے گا، مگر اس کے والدین اس کا نکاح اس لئے ابھی کرنے کو تیار نہیں، کہ اُنہیں ابھی بڑا بنگلہ بنانا ہے، پھر اس کا رنگ و روغن کرنا ہے، پھر تمام رسومات اور نام و نمود کے ساتھ بیٹے کی شادی کرنی ہے۔ محترم فیاض احمد زرو کے اس اصلاحی بیان سے کئی جوان اور اُن کے والدین سادہ طریقہ پر شادیاں انجام دینے پر تیار ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے، اور اُن کی عمر میں برکت عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ محترم فیاض احمد زرو کا ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے پروگرام نشر ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر سلیم اعجاز کپرا ہیں، لوگ شوق کے ساتھ سنتے ہیں۔ اس موقعہ پر ایشان احمد ڈار، مظفر احمد وانی، محمد اقبال بابا، حافظ عبدالجلیل اور شوکت احمد وانی نوشہرہ سرینگر بھی موجود تھے۔

**KASHMIR UZMA 26 MAY 2012**

# شادی کی سادہ تقریب

سرینگر//ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا سادہ شادیوں سے متعلق اصلاحی پروگرام جاری ہے اور اس سلسلے میں 25 مئی کو اسلامک دعوت سنٹر باغ سندر بالا چھتہ بل میں ایک نکاح مجلس ہوئی ۔ایجاب وقبول کرانے سے قبل ادارہ کے ڈائیریکٹر فیاض احمد زرو نے کہا کہ شادیوں میں اسراف ،نام ونمود اور بری رسومات انجام دینے پر جو لاکھوں روپے خرچ کیا جاتا ہے وہ اللہ کی نعمتوں کا غلط استعمال ہے۔ خطبہ نکاح کے بعد انہوں نے اعجاز احمد ڈار کو نکاح معروفہ میر کے ساتھ شرعی لوازمات کے ساتھ پڑھا دیا اور دولہا نے پورا مہر مجلس میں نقد ادا کیا۔

Kashmir Uzma (26/May/2012)

# ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

## پریس نوٹ

**بٹہ وارہ بنڈ سرینگر کے جناب اعجاز احمد ڈار صاحب نے سادہ شادی انجام دی ہمسفر کی طرف سے مزید تین سادہ شادیوں کا انعقاد**

سرینگر: آسان نکاح سادہ شادی بہت ہی زیادہ برکتوں والی کے طریقہ کار کو عام کرنے کے لئے ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کا شادیوں سے متعلق اصلاحی پروگرام وادی کشمیر میں جاری ہے۔ اس سلسلے میں 25 مئی جمعۃ المبارک 2012ء کو اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالا چھتہ بل میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں مرد حضرات اور خواتین کی ایک اچھی خاصی تعداد نے سینٹر کے الگ الگ ہالوں میں شرکت کی۔ ایجاب وقبول کرانے سے پہلے ادارہ کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے اپنے مختصر بیان میں فرمایا کہ شادیوں میں اسراف، نام ونمود اور بری رسومات انجام دینے پر جو لاکھوں روپیہ خرچ کیا جاتا ہے وہ اللہ تعالٰی عزوجل کی عطا کردہ نعمتوں کا غلط استعمال بھی ہے اور اس کی عطا کردہ نعمتوں کی ناشکری بھی ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ شادی کے روز دولہا کے ساتھ کئی افراد کا بارات کے نام پر دولہن کے گھر پر جانا اور وہاں پر وازوان کھا کر دولہن کو لانا جیسے طریقے کو چھوڑنا ضروری ہے کیوں کہ یہ طریقہ لڑکی کے والدین پر ایک بڑا ظلم بھی ہے اور ان کا استحصال بھی ہے۔

خطبہ نکاح پڑھنے کے بعد ادارہ کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے بٹہ وارہ بنڈ سرینگر کے جناب اعجاز احمد صاحب کا نکاح محترمہ معروفہ میر صاحبہ (سنوار سرینگر) کے ساتھ شرعی لوازمات کے تحت پڑھا دیا۔ دولہا نے پورا مہر مجلس میں ہی نقد ادا کر دیا۔ بعد میں دعا ہوئی اور حاضرین مجلس کی خاطر تواضع کھجور، مٹھائی اور قہوہ سے کی گئی۔ اس کے بعد دولہن اپنے دولہا کے ساتھ سسرال روانہ ہو گئی۔ اسی طرح کی سادہ شادی جناب نذیر احمد گلکار صاحب (بڈگام) کی محترمہ رفیقہ وانی صاحبہ (سویہ بگ بڈگام) کے ساتھ اور جناب اشفاق احمد بٹ صاحب (بژہ پورہ) کی محترمہ نائلہ مجید بٹ صاحبہ (صورہ) کے ساتھ انجام دی گئی۔

جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)
ہمسفر میریج کونسلنگ سیل سرینگر

Uqab (26/may/2012)

**SRINAGAR TIMES 26 MAY 2012**

# بٹہ وارہ بنڈ سرینگر کے اعجاز احمد ڈار نے سادہ شادی انجام دی

## ہمسفر کی طرف سے مزید تین سادہ شادیوں کا انعقاد، لوگوں کی سراہنا

سرینگر/آسان نکاح سادہ شادی کو عام کرنے کے لئے ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل کا شادیوں کا اصلاحی پروگرام وادی کشمیر میں جاری ہے۔ چنانچہ 25 مئی جمعۃ المبارک 2012ء کو اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالا چھتہ بل میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں مرد حضرات اور خواتین کے لئے علیحدہ انتظام تھا۔ ایجاب وقبول کرانے سے پہلے ادارہ کے ڈائریکٹر محترم فیاض احمد زرو نے فرمایا کہ شادیوں میں اِسراف، نام ونمود اور بُری رسومات انجام دینے پر جو لاکھوں روپیہ خرچ کیا جاتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کا غلط استعمال بھی ہے، اور ناشکری بھی۔ انہوں نے فرمایا کہ شادی کے روز دولہا کے ساتھ کئی اَفراد کا بارات کے نام پر دولہن کے گھر پر جانا اور وہاں پروازوان کھا کر دولہن کو لانا جیسے طریقہ کو چھوڑنا ضروری ہے کیوں کہ یہ طریقہ لڑکی کے والدین پر استحصال ہے۔ خطبہ نکاح پڑھنے کے بعد ادارہ کے ڈائریکٹر محترم فیاض احمد زرو نے بٹہ وارہ بنڈ سرینگر کے اعجاز احمد ڈار کا نکاح محترمہ معروفہ میر صاحبہ (سنوار سرینگر) کے ساتھ شرعی لوازمات کے تحت پڑھا دیا۔ دولہا نے پورا مہر مجلس میں ہی نقد ادا کیا۔ بعد میں دعا ہوئی اور حاضرین مجلس کی خاطر تواضع کھجور، مٹھائی اور قہوہ سے کی گئی۔ اسی طرح کی سادہ شادی نذیر احمد گلکار (بڈگام) کی محترمہ رفیقہ وانی (سویہ بگ بڈگام) کے ساتھ اور اشفاق احمد بٹ (بڑھ پورہ) کی محترمہ نائلہ مجید بٹ (صورہ) کے ساتھ انجام دی گئی۔ علاقے کے لوگوں نے اس قسم کی سادہ شادیاں منعقد کرنے پر ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل کے اصلاحی کام کی کافی سراہنا کی۔

**AFTAB 27 MAY 2012**

(Aftab)

27th May, 2012

# بٹہ وارہ بنڈ سرینگر کے اعجاز احمد ڈار نے سادہ شادی انجام دی

## ہمسفر کی طرف سے مزید تین سادہ شادیوں کا انعقاد، لوگوں کی کافی سراہنا

آسان نکاح سادہ شادی بہت ہی زیادہ برکتوں والی کے طریقہ کار کو عام کرنے کیلئے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا شادیوں سے متعلق اصلاحی پروگرام وادی کشمیر میں جاری ہے۔ اس سلسلے میں 25 مئی جمعتہ المبارک 2012 کو اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالا چھتہ بل میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں مرد حضرات اور خواتین کی ایک اچھی خاصی تعداد نے سینٹر کے الگ الگ ہالوں میں شرکت کی۔ ایجاب وقبول کرانے سے پہلے ادارہ کے ڈائریکٹر فیاض احمد زرو نے اپنے مختصر بیان میں فرمایا کہ شادیوں میں اسراف، نام و نمود اور بری رسومات انجام دینے پر جو لاکھوں روپیہ خرچ کیا جاتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کا غلط استعمال بھی ہے اور اس کے عطا کردہ نعمتوں کی ناشکری بھی ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ شادی کے روز دولہا کے ساتھ کئی افراد کا بارات کے نام پر دولہن کے گھر پر جانا اور وہاں پر وازوان کھا کر دولہن کو لانا جیسے طریقہ کو چھوڑنا ضروری ہے کیونکہ یہ طریقہ لڑکی کے والدین پر ایک بڑا ظلم بھی ہے اور ان کا استحصال بھی ہے۔ خطبہ نکاح پڑھنے کے بعد ادارہ کے ڈائریکٹر فیاض احمد زرو نے بٹہ وارہ بنڈ سرینگر کے اعجاز احمد ڈار کا نکاح معروفہ میر صاحبہ (سنوار سرینگر) کے ساتھ شرعی لوازمات کے تحت پڑھا دیا۔ دولہا نے پورا مہر مجلس میں ہی نقد ادا کر دیا۔ بعد میں دعا ہوئی اور حاضرین مجلس کی خاطر تواضع کھجور، مٹھائی اور قہوہ سے کی گئی۔ اس کے بعد دولہن اپنے دولہا کے ساتھ سسرال روانہ ہوگئی۔ اسی طرح کی سادہ شادی نذیر احمد گلکار (بڈگام) کی محترمہ رفیقہ وانی صاحبہ (سویہ بگ بڈگام) کے ساتھ اور اشفاق احمد بٹ (بٹھ پورہ) کی محترمہ نائلہ مجید بٹ صاحبہ (صورہ) کے ساتھ انجام دی گئی۔ علاقے کے لوگوں نے اس قسم کی سادہ شادیاں منعقد کرنے پر ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے اصلاحی کام کی کافی سراہنا کی اور ادارہ کے سربراہ کو نیک دعائیں دیں۔

**UQAB 28 MAY 2012**

## ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

# پریس نوٹ

سرینگر: ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے اصلاحی پروگرام کے تحت 27 مئی 2012ء کو ایک سادہ نکاح مجلس منعقد کی گئی۔ یہ نکاح مجلس اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالا چھتہ بل میں سہ پہر تین بجے ہوئی۔ مجلس میں گلشن نگر بائی پاس نوگام کے جانب ارشد الاسلام حجام صاحب (ڈائریکٹر ڈی ایل پی ڈیپارٹمنٹ اور دعوت و تبلیغ کے ساتھ وابستہ) کا نکاح محترمہ عارفت ناز بنگرو صاحبہ ساکنہ پچھ پورہ نزدیک کوکر مسجد عیدگاہ کے ساتھ پڑھا گیا۔ یہ نکاح دارالعلوم رحیمیہ نانڈی پورہ کشمیر کے استاد حدیث محترم مفتی سید محمد اسحاق نازکی صاحب القاسمی دامت برکاتہم نے پڑھا دیا۔ نکاح کا پورا مہر مجلس میں ہی ادا کر دیا گیا۔ ایجاب وقبول ہونے کے بعد حاضرین مجلس میں کھجور اور مٹھائی تقسیم کی گئیں۔ اور سب کی خاطر تواضع دودھ والے قہوہ سے کی گئی۔ ادارہ کے سربراہ جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے اس طرح سادگی کے ساتھ نکاح انجام دینے پر، ہر بری رسم اور ناجائز لین دین سے پرہیز کرنے پر لڑکے کے والد جناب بشیر احمد حجام صاحب (ہیڈ اسسٹنٹ اینمل ہسبنڈری ڈیپارٹمنٹ بڈگام) کو اور لڑکی کے والد جناب غلام نبی بنگرو صاحب کو مبارکباد پیش کی اور انہیں نیک دعائیں دیں۔ مجلس کا اختتام دعا کے ساتھ ہوا۔

Uqab (28/May/2012) جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)

ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر

**SRINAGAR TIMES 28 MAY 2012**

SRINAGAR TIMES
srinagar: 28th-May-2012

# ہمسفر مرتبج کونسلنگ سیل کے سادہ نکاح کی مجالس کا انعقاد

## کئی علاقوں سے وابستہ نوجوانوں کے نکاح نہایت سادگی سے انجام پذیر: فیاض زرو

سرینگر / جنرل سیکریٹری کے مطابق ہمسفر میرتج کونسلنگ سیک کے اصلاحی پروگرام کے تحت 27 مئی اتوار 2012ء کو ایک سادہ نکاح مجلس منعقد کی گئی۔ یہ نکاح مجلس اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالا چھتہ بل میں سہ پہر تین بجے ہوئی۔ مجلس میں گلشن نگر بائی پاس نوگام کے ارشد الاسلام حجام صاحب (ڈائیریکٹر ڈی ایل پی ڈیپارٹمنٹ اور دعوت و تبلیغ کے ساتھ وابستہ) کا نکاح محترمہ عارفت ناز بنگرو صاحبہ ساکنہ پچھ پورہ نرورہ نزدیک کوکر مسجد شریف عیدہ گاہ کے ساتھ پڑھا گیا۔ یہ نکاح دار العلوم رحیمیہ باندی پورہ کشمیر کے اُستاذ حدیث محترم مفتی سید محمد اسحاق نازکی صاحب القاسم دامت برکاتہم نے پڑھا دیا۔ نکاح کا پورا مہر مجلس میں ہی ادا کر دیا گیا۔ ایجاب وقبول ہونے کے بعد حاضرین مجلس میں کھجور اور مٹھائی تقسیم کی گئیں۔ اور سب کی خاطر تواضع دودھ والے قہوہ سے کی گئی۔ ادارہ کے سربراہ محترم فیاض احمد زرو صاحب نے اس طرح سادگی کے ساتھ نکاح انجام دینے پر، ہر بُری رسم اور ناجائز لین دین سے پرہیز کرنے پر لڑکے کے والد جناب بشیر احمد حجام صاحب (ہیڈ اسسٹنٹ انیمل ہسبنڈری ڈیپارٹمنٹ بڈگام) کو اور لڑکی کے والد غلام نبی بنگرو صاحب کو مبارک باد پیش کی اور انہیں نیک دعائیں دیں۔ مجلس کا اختتام دعا کے ساتھ ہوا۔

# AFTAB 29 MAY 2012

(Aftab) (29/05/2012)

## ہمسفر کی طرف سے نکاح کی ایک سادہ تقریب کا انعقاد

سرینگر/لطیف احمد جنرل سکریٹری کے بیان کے مطابق ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے اصلاحی پروگرام کے تحت ۲۷ مئی اتوار ۲۰۱۲ کو ایک سادہ نکاح مجلس اسلام دعوت سنٹر واقع باغ سندر بالا چھتہ بل میں سہ پہر تین بجے ہوئی۔ مجلس میں گلشن نگر بائی پاس نوگام کے ارشد الاسلام حجام صاحب (ڈائریکٹر ڈی ایل پی ڈیپارٹمنٹ اور دعوت و تبلیغ کے ساتھ وابستہ) کا نکاح محترمہ عارفت ناز بنگرو ساکنہ پچھ پورہ نزدیک کوکر مسجد شریف عیدگاہ کے ساتھ پڑھا گیا۔ یہ نکاح دارالعلوم رحیمیہ بانڈی پورہ کشمیر کے استاد حدیث محترم مفتی سید محمد اسحاق نازکی صاحب القاسمی دامت برکاتہم نے پڑھا دیا۔ نکاح کا پورا مہر مجلس میں ہی ادا کیا گیا۔ ایجاب و قبول ہونے کے بعد حاضرین مجلس میں کھجور اور مٹھائی تقسیم کی گئیں اور سب کی خاطر تواضع دودھ والے قہوہ سے کی گئی۔ ادارہ کے سربراہ جناب فیاض احمد زرو نے اس طرح سادگی کے ساتھ نکاح انجام دینے پر، ہر بُری رسم اور ناجائز لین دین سے پرہیز کرنے پر لڑکے کے والد بشیر احمد حجام (ہیڈ اسسٹنٹ اینمل ہسبنڈری ڈیپارٹمنٹ بڈگام) کو اور لڑکی کے والد جناب غلام نبی بنگرو کو مبارکباد پیش کی اور انہیں نیک دعائیں دیں۔ مجلس کا اختتام دعا کے ساتھ ہوا۔

**AFTAB 30 MAY 2012**

# حسد کی تباہ کاریوں پر ہمسفر کا ریڈیو پروگرام بہت مفید تھا

## ایسے پروگرام ہمارے سماج کی بہتری کے لئے بہت ضروری ہے

سرینگر / ہمسفر میریج کونسلنگ سیل سرینگر کے مقبول عام ریڈیو پروگرام: ہمسفر (Humsafar) کی جو قسط 25 مئی جمعۃ المبارک 2012ء کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہوئی، جس میں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے ازدواجی زندگی اور سسرالی زندگی میں حسد پیدا ہونے کی وجوہات بیان فرمائے، ساتھ ہی حسد کی تباہ کاریاں اور اس کے بڑے بڑے نقصانات بھی بیان فرمائے۔ اس سے ہم کو بہت فائدہ ہوا۔ بیشک گھروں کے گھر اور خاندانوں کے خاندان حسد کی وجہ سے تباہ و برباد ہو رہے ہیں، رشتے ناطے کٹ رہے ہیں اور لوگ بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ حسد کی وجہ سے سحر اور جادو کرنے کا خبیث کاروبار ترقی کر رہا ہے۔ ان حالات میں ہمسفر کے ریڈیو پروگرام میں اس اہم ترین موضوع پر بات کرنا بہت ضروری ہے۔ ہمسفر کے ریڈیو پروگرام میں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم ہر مشکل موضوع کو آسان سے آسان تر بنا کر پیش کرتے ہیں، پھر قابل فہم اور سہل مثالوں سے بہت ہی قیمتی باتیں مختصر وقت میں ہم سامعین کو سمجھاتے ہیں۔ یہ ایک بہت بڑی خوبی اور شاندار قابلیت ہے، جس سے آں جناب کو ربّ کریم نے نوازا ہے۔ میں اخبار کے ذریعے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کا بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ ریڈیو پروگرام کی وساطت سے کشمیری عوام کو بہترین انسانی اخلاق کی تعلیم دیتے ہیں، اور سماج کو خراب کرنے والی بُری عادتوں سے پرہیز کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔ ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب بھی قابل مبارک باد ہیں کہ انہوں نے سماج کے لئے ہمسفر جیسا مفید پروگرام تیار کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

منجانب: شائق احمد زرگر،
مغل محلہ سرینگر (موبائل فون نمبر: 9906792611)

Aftab (30/May/2012)

**GREATER KASHMIR 30 MAY 2012**

# حسد کی تباہ کاریوں پر ہمسفر کا ریڈیو پروگرام بہت مفید تھا

## ایسے پروگرام ہمارے سماج کی بہتری کے لئے بہت ضروری ہے

ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے مقبول عام ریڈیو پروگرام: ہمسفر (Humsafar) کی جو قسط 25، مئی جمعۃ المبارک 2012ء کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہوئی، جس میں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے ازدواجی زندگی اور سسرالی زندگی میں حسد پیدا ہونے کی وجوہات بیان فرمائے، ساتھ ہی حسد کی تباہ کاریاں اور اس کے بڑے بڑے نقصانات بھی بیان فرمائے۔ اس سے ہم کو بہت فائدہ ہوا۔ بیشک گھروں کے گھر اور خاندانوں کے خاندان حسد کی وجہ سے تباہ و برباد ہو رہے ہیں، رشتے ناطے کٹ رہے ہیں اور لوگ بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ حسد کی وجہ سے سحر اور جادو کرنے کا خبیث کاروبار ترقی کر رہا ہے۔ ان حالات میں ہمسفر کے ریڈیو پروگرام میں اس اہم ترین موضوع پر بات کرنا بہت ضروری ہے۔

ہمسفر کے ریڈیو پروگرام میں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم ہر مشکل موضوع کو آسان سے آسان تر بنا کر پیش کرتے ہیں، پھر قابل فہم اور سہل مثالوں سے بہت ہی قیمتی باتیں مختصر وقت میں ہم سامعین کو سمجھاتے ہیں۔ یہ ایک بہت بڑی خوبی اور شاندار قابلیت ہے، جس سے آں جناب کو ربّ کریم نے نوازا ہے۔

میں اخبار کے ذریعے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کا بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ ریڈیو پروگرام کی وساطت سے کشمیری عوام کو بہترین انسانی اخلاق کی تعلیم دیتے ہیں، اور سماج کو خراب کرنے والی بُری عادتوں سے پرہیز کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔ ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب بھی قابل مبارک باد ہیں کہ انہوں نے سماج کے لئے ہمسفر جیسا مفید پروگرام تیار کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

منجانب: شائق احمد زرگر

**مغل محلہ سرینگر (موبائل فون نمبر:9906792611)**

(30/May/2012)
(Greater Kashmir)